بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۱

کتاب شرح العوامل فی النحو

تالیف: شیخ فاضل عبدالقاہر بن عبدالرحمٰن جرجانی

عوامل، علم نحو میں ۱۰۰ عامل ہیں، عوامل، یعنی وہ اسباب جو عمل کرتے ہیں جن کی وجہ سے کلمہ کے آخر میں تغیرات پیدا ہوتی ہیں، پس عوامل یعنی عمل کرنے والی چیزیں۔

اصطلاح میں: العامل ُمابہ رفعٌ او نصبٌ او جرٌّ او جزمٌ، عامل اس کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے اعراب رفع، نصب، جر اور جزم دیا جائے۔

مررت بزیدٍ اس مثال میں زید باء کی وجہ سے تنوین جر کے ساتھ آیا ہے اسی لئے حرف ب کو اس مثال میں عامل کہا جائے گا۔

اس کتاب میں سو عامل بیان کئے گئے ہیں۔

عوامل دو قسم کے ہوتے ہیں:



ImamSadiq.tv

لفظی عامل اس عامل کو کہتے ہیں جس کا بذات خود تلفظ کیا جا سکے جیسے باء، واو، اِنّ۔

معنوی عامل اس عامل کو کہتے ہیں جس کا زبان سے تلفظ نہ کیا جا سکے۔

سماعی عامل وہ ہے جس کے افراد و جزئیات گنے جا سکیں جیسے حروف جارہ وغیرہ، انکی تعداد سترہ ہے۔

اور قیاسی عامل وہ ہے جس کے افراد گنے نہ جا سکیں۔ البتہ قاعدہ کلیہ کے ذریعے پہچانے جا سکتے ہوں، جیسے اسم فاعل، اسم مفعول وغیرہ۔